نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت چاول کی فصل کی مینجمنٹ کے سلسلہ میں قائم صوبائی کمیٹی کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اجلاس

چاول کی برآمدات کا حجم 5ارب ڈالر تک لانے کیلئے پیداوار و کوالٹی میں اضافہ ناگزیر ہے،افتخار علی سہو

لاہور یکم اگست **2025**: چاول کی برآمدات کا حجم 5 ارب ڈالر تک لانے کیلئے پیداوار و کوالٹی میں اضافہ ناگزیر ہے۔رواں برس صوبہ پنجاب میں دھان کی کاشت کا ہدف 50 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا جس کے برعکس اب تک 58 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ دھان کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے چاول کی فصل کی مینجمنٹ کے سلسلہ میں قائم صوبائی کمیٹی کے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ یوروفین لیبارٹری کا قیام چاول کی ایکسپورٹ کے حجم میں اضافہ کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔دھان پر ممنوعہ زرعی زہروں کے استعمال پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان دھان کی مشینی کاشت و برداشت کیلئے عملی کردار ادا کرے۔کاشتکاروں/سروس پرووائیڈرز کو ہائی ٹیک زرعی مشینری کیلئے بلاسود قرض فراہم کئے جا رہے ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ دھان کی فصل کی بہتر نگہداشت بارے کاشتکاروں کو راہنمائی فراہم کی جائے۔دھان کی فصل پر زرعی زہروں کا محفوظ استعمال یقینی بنایا جائے۔ دھان کے غیر مرکزی علاقوں میں بھی کاشتکاروں کو فنی راہنمائی فراہم کی جائے۔

اجلاس میں ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید،نوید عصمت کاہلوں،عامر رسول، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ای ایس پی ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت پیسٹی سائیڈز انڈسٹری کے نمائندگان و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی جبکہ چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر عبدالرحمان سمیت ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالا، حافظ آباد، گجرات نے آن لائن شرکت کی۔

☆☆☆☆